## الطاف حسین کی آصف زرداری اور یوسف رضا گیلانی کو عیدالفطر کی مبارکباد

لندن۔۔۔یکم، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹیلی فون کر کے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی کو عیدالفطر کی دلی مبارکباد پیش کی۔صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی نے بھی جناب الطاف حسین کو عید کی مبارکباد پیش کی اور اپنے نیک جذبات کا اظہار کیا۔گفتگو کے دوران پاکستان بھر میں ایک ہی دن عیدالفطر منانے پر خوشی کا اظہار کیا گیا اور عید کی مبارکباد کے تبادلے کے علاوہ باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے پاکستان کی ترقی وخوشحالی،عوام کے بنیادی مسائل کے حل اور ملک کو درپیش خطرات سے نجات کی دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر اراکین رابطہ کمیٹی،حق پرست وزراء، اراکین اسمبلی اور شعبہ جات کے ذمہ داران کو الطاف حسین نے ٹیلی فون کر کے عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی

کراچی۔۔۔یکم، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آج عیدالفطر کے موقع پر ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو ٹیلی فون کر کے رابطہ کمیٹی کے ارکان،حق پرست وزراء، اراکین اسمبلی اور نائن زیرو کے تمام شعبہ جات اور ونگز کے اراکین کو عیدالفطر کی دلی مبارک پیش کی۔عیدالفطر کے موقع پر نائن زیرو پر مبارکباد دینے کیلئے جمع ہونے والوں میں سکھ، کرسچیئن اور ہندو برادری کے تعلق رکھنے والے افراد بھی موجود تھے۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین سکھ، ہندو اور کرسچئن برادری کے افراد سے کہا کہ آپ اپنی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں اور بھائیوں کو عیدالفطر کی مبارکباد دیں کیونکہ ہم کسی ایک مذہب کے کارکن نہیں بلکہ ہم تو جملہ انسانیت کے کارکن ہیں۔انہوں نے نائن زیرو پر موجود شرکاء کو ان دعاؤں کے ساتھ عیدالفطر کی دلی مبارکباد پیش کی اور دعا کی کہ اللہ کرے کہ یہ عید تحریک کیلئے نیک شگون ثابت ہو، سب کی مشکلات کو دور کرے، ملک سے قتل وغارتگری کا سلسلہ ختم ہو، پ کو خوش رکھے، تحریکی کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے، کارکنوں کو تحریک سے سچا اور ہمیشہ ہمیشہ بغیر کسی لالچ، صلے اور تمنا کے وفادار رکھے۔انہوں نے شہداء کے لواحقین، اسیروں کے اہل خانہ سمیت مفلوک الحال، مصیبت زدہ اور پریشان حال لوگوں کو نہ صرف عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی اور ایم کیوایم کے رہنماؤں کو ہدایت کی کہ وہ ان کے غم بانٹنے کیلئے اپنی اپنی بساط کے مطابق اور صلاحیتوں کو ضرور استعمال کریں اور انکی دلجوئی کریں۔اس دوران ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین، وزراء، اراکین اسمبلی اور شعبہ جات کے اراکین نے بھی قائد تحریک جناب الطاف حسین کو عیدالفطر کی دلی مبارکباد پیش کی اور ان کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## عیدالفطر کے موقع پر قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے جیلوں میں اسیر کارکنان کیلئے کھانا، پھل اور مٹھائی بجھوائی گئی

کراچی۔۔۔یکم، اکتوبر 2008ء۔۔۔عیدالفطر کے پہلے روز قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے جیلوں میں اسیر ساتھیوں کیلئے کھانا، پھل اور مٹھائی بجھوائی گئی جس پر اسیر کارکنوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت کا اظہار کیا اور انہیں عیدالفطر کی دلی مبارکباد پیش کی۔حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد، رکن قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل اور ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے اراکین نے عیدالفطر کے روز جیلوں میں اسیر کارکنوں سے ملاقاتیں کیں اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے عیدالفطر کی دلی مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر اسیر کارکنوں نے اپنے بلندعزم وحوصلے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حق پرستی کی جدوجہد کی راہ میں کٹھن مراحل سے گزرنا ہی حق پرستوں کا شیوہ ہے اور اس راہ کی خاطر ایک عید تو کیا حق پرست کارکنان کئی عیدیں قربان کر سکتے ہیں لیکن اپنے بانی وقائد محترم الطاف حسین کو کبھی مایوس نہیں کریں گے اور ان کے دیئے گئے فکر وفلسفہ پر عمل پیرا رہیں گے۔

## رابطہ کمیٹی کے اراکین نے عیدالفطر کے روز حق پرست شہداء کے گھروں کا دورہ کیا، لواحقین کی دلجوئی کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے عیدالفطر کی دلی مبارکباد پیش کی

کراچی۔۔۔یکم، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین شکیل عمر اور شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے عیدالفطر کے روز حق پرست شہداء کے گھروں کا دورہ کیا اور شہداء کے لواحقین کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے عیدالفطر کی دلی مبارکباد پیش کی۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا، بلدیہ ٹاؤن، قصبہ علی گڑھ، اورنگی ٹاؤن، پاک کالونی، نارتھ ناظم آباد، نارتھ کراچی، نیو کراچی اور سرجانی ٹاؤن سیکٹرز کے شہداء کے گھروں پر جا کر لواحقین سے ملاقات کی اور انہیں عیدالفطر کی خوشیوں میں شریک کیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین نے شہداء کے لواحقین کی مکمل دلجوئی کی اور شہداء کی مغفرت کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 51 کے یونٹ انچارج محمد ایوب ناگوری کو بھینس کالونی کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا

### نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، وزراء، رکن قومی اسمبلی اور ذمہ داران وکارکنان کی شرکت

کراچی ۔۔۔یکم ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پی آئی بی سیکٹر یونٹ 51 کے یونٹ انچارج محمد ایوب ناگوری شہید کو منگل اور بدھ کی درمیانی شب آہوں اور سسکیوں کے درمیان بھینس کالونی لانڈھی کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ مسجد نعمانی گزدرآباد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب، حق پرست صوبائی وزراء ڈاکٹر صغیر احمد، خالد عمر، حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل، گلشن اقبال ٹاؤن کے حق پرست نائب ناظم شعیب اختر، ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے تعداد میں شرکت کی۔واضح رہے کہ محمد ایوب ناگوری کو گزشتہ شب ایک فرقہ پرست تنظیم کے مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا تھا۔

☆☆☆☆☆